
COTA (Council on the Ageing) Tasmania
[بڑھاپے کے امور کی کاؤنسل]

# Care Finder
# [نگہداشتی خدمات تلاش کرنے والے]



## کیا آپ کو ایجڈ کیئر کی خدمات حاصل کرنے میں مشکل ہو رہی ہے اور آپ کی مدد کرنے والا کوئی نہیں ہے؟

COTA Tasmania's Care Finder پروگرام ایک مفت اور دوستانہ کمیونٹی سروس ہے۔ ہم ان لوگوں کو ایجڈ کیئر سسٹم کو سمجھنے کے لیے رہنمائی دیتے ہیں جنہیں مشکلات پیش ہوں اور جو ایسے حالات میں ہوں جو ان کے لیے اکیلے مختلف مراحل سے گزرنا زیادہ مشکل بنا دیتے ہیں۔ ہم ایجڈ کیئر اور دوسری امدادی خدمات حاصل کرنے کی خاطر آپ کے ساتھ کام کرنے کے لیے حاضر ہیں۔

# 1800 518 048

اس پروگرام کو آسٹریلین گورنمنٹ Primary Health Tasmania [پرائمری ہیلتھ تسمانیہ] (Tasmania PHN) کے ذریعے فنڈنگ دیتی ہے۔

COTA TASMANIA

## مجھے کیسے پتہ چل سکتا ہے کہ میں (یا میرا کوئی واقف) Care Finder سے مدد لینے کے لیے اہل ہیں؟

### Care Finder کی چیک لسٹ:

**کیا آپ ان تینوں سوالوں کا جواب ہاں میں دے سکتے ہیں:**

1. کیا آپ کی عمر 65 سال یا اس سے زیادہ ہے؟*
2. کیا آپ کو کسی ایک روزمرّہ کام یا کئی کاموں کے لیے مدد کی ضرورت ہوتی ہے - جیسے شاور کرنا، شاپنگ، کھانا بنانا؟
3. کیا آپ کے بھروسے کا کوئی ایسا شخص (رشتہ دار یا دوست) نہیں ہے جو آپ کو ایجڈ کیئر سسٹم کو سمجھنے اور مختلف مراحل سے گزرنے میں مدد دے سکتا ہو اور آپ خود اس قابل نہیں ہیں؟

*50 سال سے اوپر عمر کے ایبوریجنل اینڈ ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر (ATSI) افراد اور/یا کم آمدن رکھنے والے اور بے گھری کے خطرے سے دوچار افراد۔ 45 سال سے اوپر عمر کے ATSI اور کم آمدن رکھنے والے اور بے گھری کے خطرے سے دوچار افراد۔

**اگر آپ نے تینوں سوالوں کا جواب ہاں میں دیا ہے تو Care Finder پروگرام آپ کے لیے درست ہو سکتا ہے۔**

cotatas.org.au/programs/carefinder

Care Finder کی ٹیم کو محفوظ اور سب کو شامل رکھنے والے طور طریقوں کی اچھی تربیت حاصل ہے۔

## کلائنٹ کی داستان:

90 سالہ Ada جنہوں نے ساری عمر خودمختار رہتے ہوئے گزاری ہے، اپنی کمیونٹی کا بھلا کرنے والی ایک قابل قدر خاتون ہیں۔

ہسپتال میں داخل رہنے کے بعد Ada کو شاور لینے، کھانوں اور ٹرانسپورٹ کے لیے اضافی مدد کی ضرورت پیش آئی۔

اضافی اخراجات پورے کرنے میں مشکل اور مدد کے مواقع کا علم نہ ہونے کی وجہ سے Ada ان حالات میں نہایت پریشانی اور اکیلا پن محسوس کر رہی تھیں اور اس خیال سے گھبراہٹ کا شکار تھیں کہ مستقبل جانے کیسا ہو۔

جب Care Finder کو ریفرل ملی تو ہماری ٹیم کے ایک رکن نے Ada سے ان کے گھر میں ملاقات کی اور انہوں نے اکٹھے ایک پلان بنایا۔

Care Finder کی مدد سے Ada کی ایجڈ کیئر سروسز کو نئی ترجیح دی گئی اور ان کی مزید مدد کے لیے ایک ہوم کیئر پیکیج ترتیب دیا گیا۔ Ada کے لیے ایسا سروس پرووائیڈر چننا ممکن ہوا جس کے ساتھ وہ مطمئن محسوس کرتی تھیں۔ اب Ada کو ان کی ضرورت کی مدد مل رہی ہے اور وہ اپنے گھر میں زیادہ پراعتماد اور خود کو زیادہ کاموں کے قابل محسوس کرتی ہیں۔



## Care Finder کیا مدد فراہم کر سکتا ہے؟

Care Finder ایجڈ کیئر سسٹم اور نگہداشت اور مدد کے مختلف انتظامات کو سمجھنے کے لیے مفت اور آزادانہ معلومات دے سکتا ہے جیسے:

- My Aged Care اور معالجوں کے ساتھ واسطہ
- اسیسمنٹس (جائزوں) اور ری اسیسمنٹس (مزید جائزوں) کا انتظام اور ان میں شرکت
- بوڑھوں کے لیے خدمات/گھر میں خدمات یا الائیڈ ہیلتھ سروسز حاصل کرنا
- دستیاب مواقع کے متعلق معلومات حاصل کرنا اور پرووائیڈرز کے ساتھ واسطہ
- مختلف فارم مکمل کرنے اور سروس ایگریمنٹس یا خدمات کے معاہدوں کو سمجھنے کے لیے رہنمائی
- جب خدمات کا انتظام ہو جائے اور فراہمی شروع ہو جائے تو آپ کے حالات معلوم کرنا
- کمیونٹی میں دستیاب دیگر مدد کے ساتھ منسلک ہونا۔



## COTA Tasmania کہاں Care Finder سروسز فراہم کرتی ہے؟

COTA Tasmania's Care Finder پروگرام دیہی اور دور دراز علاقوں سمیت پورے تسمانیہ میں کام کرتا ہے۔ ہمارے دفاتر Hobart، Launceston اور Burnie میں ہیں۔



# اکثر پوچھے جانے والے سوالات:

### کیا Care Finder کی مدد مفت ہے؟

ہاں، اس کے لیے آسٹریلین گورنمنٹ فنڈنگ دیتی ہے۔

### کیا مجھے Care Finder کی مدد لینے کے لیے ریفرل کی ضرورت ہے؟

نہیں، کوئی بھی شخص COTA Tasmania's Care Finder سے رابطہ کر سکتا ہے۔

### کیا Care Finder کی خدمات رازدارانہ ہیں؟

ہاں، ہماری خدمات رازدارانہ ہیں۔

### اگر میں یا میرے کلائنٹ/دوست انگلش نہ بولتے ہوں تو؟

COTA Tasmania's Care Finders تحریری اور زبانی ترجمے کی سروسز (TIS) استعمال کرتے ہیں۔



# 1800 518 048

# مدد حاصل کرنا

## COTA Tasmania's Care Finder پروگرام سے رابطہ کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

### اپنے لیے مدد مانگنا

براہ مہربانی پیر تا جمعہ دفتری اوقات کے دوران ہماری Intake Team [اِن ٹیک ٹیم] سے **1800 518 048** پر رابطہ کریں یا carefinder@cotatas.org.au پر ہمیں ای میل کریں۔ اگر آپ کو یقینی علم نہ ہو کہ آیا Care Finder پروگرام آپ کے لیے درست ہے تو فکر نہ کریں۔ جب آپ فون کریں گے تو ہم یہ طے کرنے کی خاطر کچھ سوالات پوچھیں گے کہ ہم آپ کی بہترین مدد کیسے کر سکتے ہیں۔

یا آپ ہمارا انکوائری فارم سوالات کا فارم مکمل کر سکتے ہیں:

### کسی اور کے لیے مدد مانگنا

اگر آپ یا آپ کے کسی واقف کو Care Finder کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی پیر تا جمعہ دفتری اوقات کے دوران ہماری اِن ٹیک ٹیم سے **1800 518 048** پر رابطہ کریں۔

اگر آپ کسی اور کے لیے فون کر رہے ہیں تو آپ کو اس شخص کی رضامندی کی ضرورت ہے۔

جب آپ فون کریں گے تو ہم یہ طے کرنے کی خاطر کچھ سوالات پوچھیں گے کہ ہم بہترین مدد کیسے دے سکتے ہیں۔

آپ ہمارا Client Referral Form [کلائنٹ ریفرل فارم] بھی مکمل کر سکتے ہیں:

مزید معلومات حاصل کرنے اور اس بارے میں بہتر طور پر سمجھنے کے لیے کہ یہ پروگرام کن لوگوں کے لیے ہے، دیکھیں cotatas.org.au/programs/carefinder